# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ءتا2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت ششم | مضمون۔اردو لازمی | کتاب کا نام۔چمپا |
| سبق کا نام: "قصہ سلیمان علیہ السلام" | صفحہ نمبر۔11 | پہلی سہ ماہی |

**سوال نمبر (1):- (ذخیرہ الفاظ ) الفاظ معنی**

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| روندنا | پاؤں سے کچلنا | مامور | جس کو حکم ملا ہو | قوت فیصلہ | فیصلہ کرنے کی قوت |
| وسیع و عریض | لمبی چوڑی | دریافت | نئی چیز کا انکشاف | حرص | لالچ |
| تابع | فرماں بردار | عصا | چھڑی | برخاست | ختم کر دینا |

**سوال نمبر 2:- مختصر سوالات کے جوابات**

1: حضرت سلمان کا سال پیدائش کیا ہے ؟

جواب : حضرت سلمان حضرت داؤد کے بیٹے تھے اور 992 قبل مسیح میں پیدا ہوئے ۔

2: حضرت سلمان کو اللہ تعالی نے کن کن نعمتوں سے نوازا ؟

جواب: اللہ تعالی نے انہیں نہایت وسیع وعریض سلطنت کا بادشاہ بنایا تھا اور نہ صرف انسانوں بلکہ جانوروں , پرندوں, جنات اور ہوا تک کو انکا تابع کر دیا تھا ۔

3:- حضرت سلمان نے اپنے دربار میں ہد ہد کی غیر حاضری پر ناراضگی سے کیا فرمایا؟

جواب :- ہد ہد کہاں ہے،حضرت سلمان نے ناراضگی سے فرمایا, " وہ آکر غیر حاضری کی معقول وجہ بیان کرے ورنہ اسے سخت سزا دوں گا"

4:- یمن کی ملکہ اور اس کی قوم کا کیا نام تھا؟

جواب :- یمن کی ملکہ کا نام "بلقیس" تھا اور اس ملک میں جو قوم آباد تھی وہ "سبا" کہلاتی تھی

5:- حضرت سلمان نے ملکہ کو سمجھانے کے لئیے دوسرا کونسا طریقہ اختیار کیا؟

جواب :- حضرت سلمان کے محل کا فرش شیشے کا تھا جس کے نیچے نہر بہہ رہی تھی اوپر سے دیکھنے پر شیشہ نظر نہ آتا تھا صرف پانی ہی بہتا ہوا معلوم ہوتا تھا ملکہ نے نیچے دیکھا اور فورا اپنے پائنچے اٹھائے - وہ سمجھی نیچے پانی بہہ رہا ہے تو حضرت سلمان نے فرمایا " تم دھوکے میں ہو ,یہ پانی نہیں شیشہ ہے"

6:- حضرت سلمان نے نیا شہر تعمیر کرنے پر کن کو مقرر کیا تھا

جواب :- آپ نے جنوں کو ایک نیا شہر تعمیر کرنے پر معمور کیا۔

سوال نمبر3۔مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں۔

| الفاظ | متضاد | الفاظ | متضاد | الفاظ | متضاد |
|---|---|---|---|---|---|
| شب | دن | دانائی | بے وقوفی | مکمل | نامکمل |
| سمجھدار | ناسمجھ | بیش قیمت | کم قیمت | آغاز | اختتام |
| معقول | نامعقول | حاضر | غیر حاضر | جنگ | امن |
| ملکہ | لونڈی | | | | |

سوال نمبر4۔واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیے۔

| واحد | جمع | واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| طریقہ | طریقے | مشکل | مشکلات | معرکہ | معرکے |
| ہنر | انہار | اشارہ | اشارات | خط | خطوط |
| تحفہ | تحائف | نعمت | نعمتیں | مخلوق | مخلوقات |

سوال نمبر5۔قصہ سلیمان (علیہ السلام) پڑھ کر اس میں صفت اور موصوف چن کر لکھیے۔

| صفت | موصوف | صفت | موصوف |
|---|---|---|---|
| ننھی | چیونٹی | وسیع و عریض | سلطنت |
| مدھم | آواز | غیر معمولی | قوت فیصلہ |
| عظیم الشان | لشکر | | |

سوال نمبر6۔دیئے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| شکر | ہمیں ہر حال میں اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ |
| تخت | ملکہ بلقیس کا تخت بہت خوبصورت تھا۔ |
| گفتگو | ہمیں گفتگو کے آداب سیکھنے چاہییں۔ |
| دعوت | حضرت سلیمان علیہ السلام نے ملکہ بلقیس کو دعوت پر بلایا۔ |
| مال و دولت | اللہ تعالیٰ ہمیں دین و دنیا کے مال و دولت سے نوازے۔ |
| تبدیلی | ملکہ بلقیس میں حضرت سلیمان علیہ السلام کی وجہ سے تبدیلی آئی۔ |
| سجدہ | ہمیں سجدہ صرف اللہ تعالیٰ ہی کو کرنا چاہیے۔ |

نوٹ: گھر کا کام

(ہوم ورک) صفحہ نمبر11 پر مشقی سوالات کے جوابات سبق سے ڈھونڈ کر کاپی میں لکھیں۔

| کتاب کانام۔اردولازمی | مضمون۔اردولازمی | جماعت ششم |
|---|---|---|
| پہلی سہ ماہی | صفحہ نمبر۔11 | سبق کانام: **"قصہ سلیمان علیہ السلام"** |

سرگرمی نمبر 1۔مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیں۔

1۔ حضرت سلمان کو اللہ تعالی نے کن کن نعمتوں سے نوازا تھا؟

جواب: -------------------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------------------

2۔یمن کی ملکہ اور اس کی قوم کا کیا نام تھا؟

جواب: -------------------------------------------------------------------------------------------

-------------------------------------------------------------------------------------------

**سرگرمی نمبر 2.** واحد الفاظ کو جمع میں تبدیل کر کے جملے بنائیں.

| واحد | جمع | جملے |
|---|---|---|
| **مشکل** | | |
| **نعمت** | | |
| **خط** | | |
| **اشارہ** | | |

**سرگرمی نمبر 3.**دیے گئے کالم میں صفت کو موصوف سے ملائیے.

| صفت | موصوف |
|---|---|
| **غیر معمولی** | **عمارت** |
| **ننھی** | **موتی** |
| **چمکدار** | **پری** |
| **بلند و بالا** | **صلاحیت** |

☆ ☆ ☆